تبصرے

عقیدۃ الاسلام از مولانا محمد انور شاہ الکشمیریؒ، تقطیع کلاں، ضخامت ۲۴۰ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت مجلد پانچ روپے پچاس نئے پیسے، پتہ: ادارۂ مجلس علمی پوسٹ بکس نمبر ۳۴۸۸ کراچی ۲-

ادارۂ مجلس علمی جو حضرت الاستاذ کے افادات وافاضات کو اصلاً اور دُوسری علمی ودینی کتابوں کو ضمناً شائع کرنے کی غرض سے عرصہ ہوا، ڈابھیل ضلع سورت میں قائم ہوا تھا، تقسیم کے بعد کراچی میں منتقل ہو گیا، اور یہاں شروع میں اگرچہ اُس کی رفتار سست رہی، لیکن مقامِ مسرت ہے کہ اب ادھر دو تین برس سے پھر اُس کے کاموں کی رفتار تیز ہو گئی ہے، چنانچہ یہ کتاب اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے، اس کتاب کا اگرچہ اصل موضوع ردِ قادیانیت میں یہ ثابت کرنا کہ حضرت عیسیٰ کی وفات نہیں ہوئی اور اُن کا آسمان سے نزول ہو گا اور اس کے برخلاف وفات حضرت عیسیٰ کے اثبات میں مرزا صاحب نے جو دلائل دیئے تھے اُن کا رد کرنا ہے لیکن درحقیقت یہ کتاب کیا ہے؟ علوم وفنون کا ایک بحرِ ذخار ہے جو اس میں پورے جوش وخروش سے رواں دواں ہے، قرآن مجید کی آیات کی عجیب وغریب تفسیر وتاویل، احادیث کی تحقیق اور اُن پر فنی بحث - شعر وادب - فصاحت وبلاغت کے رموز ونکات - تاریخ - کتبِ قدیمہ عہدِ عتیق وعہدِ جدید - منطق اور فلسفہ ان میں کون سا ایسا فن اور علم ہے جس کے مہمات مباحث اس میں زیرِ گفتگو نہ آئے ہوں اور حضرت الاستاذ نے اُس میں اپنی مہارت وحذاقت کا ثبوت نہ دیا ہو، اس میں جن کتابوں کا حوالہ ہے اُن کی تعداد تین سو ہے اسی سے اُس کی وسعت کا اندازہ ہو سکتا ہے، اس کتاب کا مقدمہ حضرت مرحوم کے تلمیذِ رشید مولانا محمد یوسف صاحب بنوری نے لکھا ہے جو ۳۲ صفحات پر پھیلا ہوا ہے - اس میں مولانا نے حضرت مرحوم کے حالات وسوانح اور فضائل ومناقب کے علاوہ کتاب کے اصل موضوع اور اُس کے متعلقات اور کتاب کی علمی حیثیت پر ایسی فاضلانہ گفتگو کی ہے کہ یہ مقدمہ خود ایک مستقل افادیت کا حامل ہو گیا ہے -

کتاب عربی زبان میں ہے اور علماء کے ہی کام کی ہے -